

# چوہدری محمد علی چیریٹیبل ٹرسٹ

## کارکردگی رپورٹ 2023-24ء

# Chaudhry Muhammad Ali Charitable Trust

## Performance Report 2023-24

# سال 2023-24ء کے دوران فراہم کی گئی خدمات

چوہدری محمد علی چیریٹیبل ٹرسٹ کے تحت مختلف تعلیمی شعبے اور ذیلی ادارے خدمات انجام دے رہے ہیں۔

بسم الله الرحمن الرحيم

## مختصر تعارف (Brief Introduction)

"چودھری محمد علی چیریٹیبل ٹرسٹ" ایک رفاہی تعلیمی ادارہ ہے، جسے پاکستان کے سابق وزیر اعظم چودھری محمد علی مرحوم کے نام پر قائم کیا گیا۔ اس ادارے کے ٹرسٹیز میں سر فہرست ان کے بیٹے ڈاکٹر امجد احسن علی (سابق ڈین، فیکلٹی آف میڈیسن، لیاقت نیشنل ہسپتال اینڈ کالج، کراچی) ہیں۔ ٹرسٹ کے بنیادی ٹرسٹیز میں جناب خالد انور صاحب (سابق وفاقی وزیر قانون وسابق سپریم کورٹ ایڈوکیٹ)، مرحوم جاوید اختر صاحب (سابق ممبر پاور واپڈا) شامل ہیں۔



# تعارف (Introduction)

## وژن (Vision)

ایک ایسا علمی ادارہ جو ساری دنیا خصوصا برصغیر میں دینی تربیت وشرعی علوم کو عربی زبان میں پڑھانے کے میدان میں مدارس کی رہنمائی کرسکے، جس کے نتیجے میں ایسے داعی امت کو فراہم کئے جاسکیں جو سادگی اور قربانی سے متصف ہوں اور مختلف شرعی علوم پر دسترس رکھتے ہوئے سارے عالم میں دین کی ترویج کی بے لوث وبھرپور محنت کریں۔

## بنیادی مقاصد (Basic Objectives)

- دینی علوم اور عربی زبان کی تعلیم کو عام کرنا۔
- ایسی تربیت یافتہ اساتذہ ومعلمات کی جماعت تیار کرنا جو دینی وعربی علوم کی تعلیم کی صلاحیت رکھتی ہو۔
- عربی زبان کی تعلیم کے طریقوں کو جدید دور کے تقاضوں کے مطابق بہتر کرنا۔
- دینی اداروں کے ساتھ تعلیم وتربیتی کے شعبے میں روابط رکھنا اور ان سے علمی وتدریسی میدان میں تعاون کرنا۔
- عربی زبان کی تعلیم وترویج کے لئے ہر طبقہ کے لئے مختلف کورسز کا اجراء کرنا۔
- عربی زبان میں مفید کتب کی نشرواشاعت کا انتظام کرنا۔

# بورڈ آف ٹرسٹیز (Board of Trustees)

1. محترم جناب عرفان فاروقی صاحب (مینجنگ ٹرسٹی)
2. محترم جناب حسن جاوید صاحب۔
3. محترم جناب طیب احسن علی صاحب۔
4. محترمہ نشاط بیگم صاحبہ۔



# مینجنگ ٹرسٹی کا پیغام (Key Message from Managing Trusty)

بنی نوع انسانیت پر اللہ تعالیٰ کے لاتعداد انعامات میں سے ایک عظیم انعام یہ ہے کہ لوگوں کی بھلائی اور رہنمائی کے لئے انبیاء کرام علیہم السلام کے سلسلے کو جاری فرمایا۔ رسول اللہ ﷺ کے دنیا سے رخصت فرمانے کے بعد رہنمائی یعنی دعوت کی یہ ذمہ داری اس امت کو عطا فرمائی گئی۔ اور اس کام کو امت کا تمغہ امتیاز بنادیا گیا۔

نیز مسلمانوں کی بنیادی زبان عربی ہے، کیونکہ آسمانی کتاب قرآنِ مجید عربی میں نازل ہوئی، اور رسول اللہ ﷺ کی احادیثِ مبارکہ عربی میں ہیں جو کہ درحقیقت قرآن کریم کی تشریح ہیں، لہٰذا مسلمانوں کو اپنے دین کے ساتھ جڑے رہنے کے لئے جس طرح دعوت و تبلیغ کے ذریعہ دین کی ترویج کے لئے کوشش کی ضرورت ہے، اسی طرح دین کی تعلیمات سے مضبوط واقفیت کے لئے عربی زبان کو حاصل کرنا بھی بے حد ضروری ہے۔

چونکہ قوموں کی دینی ودنیاوی ترقی کے لئے بہت اہم کردار تعلیمی نظام کا ہوتا ہے لہٰذا مذکورہ بالا دونوں اہم ترین مقاصد کو نصب العین بناتے ہوئے امت کے مختلف طبقوں کے لئے "چودھری محمد علی چیریٹیبل ٹرسٹ" کے تحت دینی، علمی وتربیتی ادارے قائم کئے گئے۔ ٹرسٹ کے تحت چلنے والے یہ ادارے دراصل ملکِ عزیز میں قوم کی دینی وعلمی ضرورتوں کو جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ رکھتے ہوئے، پورا کرنے اور امت کی دینی، ایمانی اور اخلاقی تربیت ور ہنمائی کرنے کی ایک سعی اور کوشش ہے۔

ربِّ کریم کی بارگاہ میں دعاگو ہیں کہ اللہ تعالی قبول فرمائے، اور امت کے حق میں مفید وذریعہ رشد وہدایت بنائے۔

# اہم ادارے (Key Institutions)

"چودھری محمد علی چیریٹیبل ٹرسٹ" کے تحت چلنے والے تعلیمی اداروں کی مشترکہ خصوصیات میں سے ہے کہ ان تمام اداروں میں بول چال اور پڑھائی کی زبان اور ماحول مکمل عربی ہے۔ نیز ان میں سے ہر ادارہ عربی زبان کی نشر واشاعت کے میدان میں منفرد حیثیت کا حامل ہے۔





# مدرسہ ابن عباس رضی اللہ عنہما

مدرسہ ابن عباس رضی اللہ عنہما ایک تعلیمی وتربیتی دینی ادارہ ہے، جس کی بنیاد 1422ھ / 2001ء میں گلستانِ جوہر کراچی مرکزی شاخ میں رکھی گئی۔

مدرسہ ابن عباس رضی اللہ عنہما کے تحت 15 مختلف تعلیمی و دیگر شعبے 4 شاخوں میں مصروفِ عمل ہیں۔

## شعبہ جات:

1. شعبہ تحفیظ القرآن الکریم
2. شعبہ حفظ الحدیث
3. شعبہ تحضیری
4. شعبہ بنین 9 سالہ
5. دورۂ سنہ
6. شعبہ الحفاظ
7. ایک سالہ عامۃ الناس کورس / صبح شام
8. شعبہ تخصص فی الحدیث
9. شعبہ تخصص فی اللغۃ العربیۃ
10. دورہ شعبان (طلبہ و علماء)
11. کلیۃ الشریعہ
12. سمر کورس
13. ہفتہ واری چھٹیوں میں پروفیشنلز کے لئے مختصر کورس
14. شعبہ دار الافتاء
15. لائبریریاں

## شاخیں:

1. مرکزی شاخ، گلستانِ جوہر، 1422ھ / 2001ء
2. شاخ اورنگی ٹاؤن کراچی، 1435ھ / 2014ء
3. شاخ اسلام آباد، 1435ھ / 2014ء
4. شاخ کاٹھور، 1439ھ / 2018ء

# مدرسہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا للبنات

خواتین اور لڑکیوں کی دینی تعلیمی تربیت کی ضرورت کے پیشِ نظر اس ادارے کی بنیاد رکھی گئی۔ مدرسہ عائشہ صدیقہ للبنات، چودھری محمد علی چیریٹیبل ٹرسٹ کے تحت قائم ہونے والا سب سے پہلا تعلیمی ادارہ ہے، سن 1986 میں گلستان جوہر کراچی میں اس کا قیام عمل میں لایا گیا، ملک بھر کے بنات کے مدرسوں میں اپنی معیاری پڑھائی کی وجہ سے ایک منفرد درجہ رکھتا ہے۔

## شعبہ جات:

1. شعبہ حفظ القرآن الکریم
2. شعبہ حفظ الحدیث
3. شعبہ تحضیری
4. شعبہ بنات 6 سالہ
5. شعبہ بنات 3 سالہ
6. ایک سالہ مستورات کورس
7. شعبہ تخصص فی اللغۃ العربیۃ
8. سمر کورس





# روضہ عائشہ رضی اللہ عنہا

روضہ عائشہ چھوٹے بچوں اور بچیوں کی عربی زبان میں معیاری دینی تعلیم وتربیتی کا ادارہ ہے۔ یہاں بچوں کو تین سے چار سال کی عمر میں داخل کیا جاتا ہے۔ یہ بچے مختلف تعلیمی مراحل مکمل کرتے ہوئے لڑکے مدرسہ ابن عباس رضی اللہ عنہما کے 9 سالہ نصاب میں اور لڑکیاں مدرسہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا للبنات کے نصاب 6 سالہ میں اپنے تعلیمی سفر کو مکمل کرتے ہیں۔

روضہ عائشہ کی دو شاخیں ہیں ایک شاخ طارق روڈ کراچی اور دوسری شاخ گلستانِ جوہر کراچی میں واقع ہے۔



# ذکر کردہ شعبہ جات کا مختصر تعارف (Departments)

## تعلیمی شعبے (Education Departments)

### روضۃ عائشہ للاطفال (Rauza Ayesha for Children)

شعبہ روضہ میں پڑھائی کی مدت 3 سال ہے۔ یہ مکمل عربی میڈیم نظامِ تعلیم ہے۔ اس میں تین سے چار سال کی عمر کے بچوں کو لیا جاتا ہے۔ تین سال کی تعلیم کے بعد مزید ایک سال درجہ ابتدائی ہے۔ اس درجہ میں قاعدہ، ناظرہ قرآنِ کریم کے چند پارے، اور دیگر مضامین (عربی، ریاضیات، سائنس وغیرہ) کی تعلیم شامل ہے۔

### شعبہ تحفیظ القرآن الکریم (بنین وبنات) Memorising Quran for Boys and Girls

اس شعبہ میں 3 سال میں قرآنِ کریم حفظ کرایا جاتا ہے۔ حفظِ قرآن کے ساتھ ساتھ بعض مضامین اختصار کے ساتھ پڑھائے جاتے ہیں جن میں عربی بول چال، خوشخطی وغیرہ شامل ہیں۔

## شعبہ حفظ الحدیث (بنین وبنات) Memorising Hadith for Boys and Girls

اس میں تعلیم کی مدت 5 سال ہے، پہلا مرحلہ 3 سالہ صحیح البخاری اور صحیح مسلم کی احادیث کے حفظ کا ہے۔ اس کے بعد اچھی استعداد کے بچوں کو تقریباً 2 سال میں صحاح کی دیگر کتب (ابو داوٗد، ترمذی، نسائی، ابن ماجہ) اور موطا، مسند احمد، دارمی میں سے صحیحین کے علاوہ کی احادیث یاد کرائی جاتی ہیں۔ حدیث شریف کے حفظ کے دوران عربی، تجوید اور خوشخطی کے مضامین کی تعلیم، اختصار کے ساتھ جاری رہتی ہے۔

## شعبہ تحضیری (بنین وبنات)

قرآنِ کریم اور صحیحین کے حفظ کے بعد تقریباً 3/2 سال بچوں کو عربی زبان کے ساتھ بعض بنیادی عصری علوم جیسے ریاضیات، سائنس، جغرافیہ، مطالعہ پاکستان وغیرہ ابتدائی لیول پر پڑھایا جاتا ہے تاکہ اس مدت میں بچوں کو ان فنون کی کچھ بنیادی باتوں کا علم ہو جائے۔ ساتھ ساتھ لڑکوں کو مروجہ میٹرک سسٹم تک کی تعلیم دی جاتی ہے۔ اس کے بعد بچوں کا، مدرسہ ابن عباس رضی اللہ عنہما اور بچیوں کا، مدرسہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے جاری نصاب میں الحاق ہو جاتا ہے۔

## شعبہ بنین 9 سالہ (9-Years Alim Course)

یہ نو سالہ عالم کورس ہے، داخلے کے وقت طلبہ کی عمریں 15 سے 18 سال تک ہوتی ہیں، جبکہ وہ عصری تعلیم میٹرک یا کم از کم مڈل تک حاصل کر چکا ہوتا ہے۔

## دورۂ سنہ (برائے طلبہ مدارس) 1-Year Arabic course for Madaris students

## الحفاظ (حافظ بچوں کے لئے شعبہ کتب میٹرک کے ساتھ) Alim Course for Huffaz with Matric

یہ حافظ بچوں کے لئے بارہ سالہ عالم کورس ہے۔ داخلہ کے وقت بچوں کی عمریں 9 سے 12 سال کے درمیان ہوتی ہیں۔ اس شعبے میں میٹرک تک عصری تعلیم بھی دی جاتی ہے۔

## تخصص فی اللغۃ العربیہ (برائے علماء وعالمات) Specialization in Arabic Language for Ulama&Aalimaat

اس شعبہ میں پڑھائی کی مدت ایک سال ہے۔ داخلہ کے لئے عالیہ کا سند یافتہ ہونا شرط ہے، اس شعبہ میں خاص طور پر عربی بول چال، تحریر، تقریر اور علمی مقالے لکھنے پر توجہ دی جاتی ہے۔

## تخصص فی الحدیث (برائے علماء) Specialization in Hadith for Ulama

اس شعبہ میں پڑھائی کی مدت ایک سال ہے۔ داخلہ کے لئے عالمیہ کا سند یافتہ ہونا شرط ہے۔

# دیگر شعبہ جات (Other Departments)

## دار الافتاء (Darul Ifta)

دار الافتاء مدرسہ ابن عباس رضی اللہ عنہما مسلمانوں کو اپنے شرعی مسائل کے حل میں رہنمائی فراہم کر رہا ہے۔ مفتیانِ کرام شرعی فتاوی صادر فرما کر ان کے مسائل کا جواب تحریری صورت میں دیتے ہیں، اسی طرح یومیہ لوگ خود حاضر ہو کر زبانی مسائل بھی پوچھتے ہیں، اس کے علاوہ ملک و بیرون ملک سے ای میل پر آمدہ سوالات کے جوابات بھی جاری ہوتے ہیں۔ اب تک دار الافتاء مدرسہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے لگ بھگ 2700 فتاوی جاری کئے جا چکے ہیں۔





# لائبریریاں (Libraries)

طلبہ کی علمی و تحقیقی ضرورت کے پیشِ نظر، منظم و مرتب لائبریریاں بنائی گئیں ہیں۔ لائبریریوں کے لئے مستقل منتظمین رکھے گئے اور عملہ فراہم کیا گیا ہے۔ طلبہ و اساتذہ کی ضرورت کے مطابق ہر طرح کے علوم و فنون کی ہزاروں کتب کو لائبریریوں کا حصہ بنایا گیا ہے۔









# مساجد (Mosques)

معاشرے کی اصلاح اور ان کی دینی رہنمائی کے لئے اور بندوں کو اللہ تعالیٰ سے جوڑنے کے لئے مساجد بہترین درسگاہیں ہیں، اسی ضرورت کے پیش نظر چودھری محمد علی چیریٹیبل ٹرسٹ کے تحت مختلف شاخوں میں مساجد کا قیام عمل میں لایا گیا، اور ان کا انتظام وانصرام ٹرسٹ کی زیر نگرانی بخوبی جاری ہے۔

1. مسجد ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ، گلستان جوہر کراچی
2. مسجد مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ، اورنگی ٹاؤن کراچی
3. مسجد شاخ کاٹھور





# سالانہ اعداد و شمار برائے مدرسہ ابن عباس گلستان جوہر

مدرسہ ابن عباس کے تحت 13 مختلف تعلیمی شعبہ جات، گلستان جوہر میں مصروف عمل ہیں جس میں طلبہ کی تعداد درج ذیل ہے

| شعبہ | تعداد |
|---|---|
| تحفیظ القرآن الکریم | 94 |
| حفظ الحدیث | 30 |
| میٹرک | 59 |
| تخصص فی الحدیث | 9 |
| سالہ 9بنین | 249 |
| تخصص فی اللغۃ | 460 |
| سمر کیمپ ونٹر کیمپ | 50 |
| شعبہ حفاظ | 64 |
| علم ضروری کورس | 40 |
| دورہ عامۃ الناس صبح | 20 |
| دورہ عامۃ الناس شام | 37 |
| دراسات دینیہ | 40 |
| دورہ شعبان | 500 - 1000 |

**کل تعداد طلبہ**
**1652**

**کل تعداد اساتذہ**
**120**

**کل تعداد عملہ**
**44**

الحمد للہ تمام شعبہ جات میں تعلیم کی کوئی فیس نہیں ہے۔ تین شعبہ جات کے طلبہ رہائشی ہیں، ان کے لئے طعام و قیام کا انتظام پورے سال مدرسہ کی طرف سے ہوتا ہے۔

شعبہ بنین میں قیام و طعام کی مد میں ماہانہ 2000روپے وصول کیے جاتے ہیں جو صاحب استعداد طلبہ ادا کرتے ہیں۔ یہ رقم مکمل خرچ کا تقریبا ٪20 ہوتا ہے۔ یہ رقم ادا کرنے والے طلبہ ٪20 ہیں اور باقی تمام طلبہ کا خرچ مدرسہ برداشت کرتا ہے۔

رہائشی طلبہ کی مکمل نگرانی کے لئے مدرسے نے 13 اساتذہ کرام کی رہائش کا انتظام مدرسے کی حدود میں کیا ہے۔ اساتذہ اپنے گھر والوں کے ساتھ رہائش پذیر ہیں۔ ان رہائش گاہوں کا مکمل خرچہ بشمول تمام یوٹیلٹی بلز ادارہ برداشت کرتا ہے۔

# سالانہ اعداد وشمار برائے مدرسہ عائشہ گلستان جوہر کراچی

مدرسہ عائشہ صدیقہ کے تحت آٹھ مختلف تعلیمی شعبہ جات، گلستان جوہر میں مصروف عمل ہیں جس میں طالبات کی تعداد درج ذیل ہے

| شعبہ | تعداد |
|---|---|
| تخصص فی اللغۃ | 43 |
| تین سالہ مستورات | 87 |
| دورہ تجوید ایک سالہ | 49 |
| تحفیظ القرآن الکریم | 58 |
| سمر کیمپ ونٹر کیمپ | 50-100 |
| حفظ الحدیث | 25 |
| میٹرک | 42 |
| چھ سالہ عالمہ کورس | 196 |

کل تعداد طالبات: 550

کل تعداد اساتذہ: 77

کل تعداد عملہ: 34

ان تمام شعبہ جات میں الحمدللہ تعلیم کی کوئی فیس نہیں ہے۔ 180 بچیوں کی ٹرانسپورٹ کا نظم مدرسہ بناتا ہے۔ جس کی مد میں طالبات سے ماہانہ ٹرانسپورٹ معاوضہ لیا جاتا ہے۔ جو مکمل خرچ کا 50٪ ہوتا ہے۔
مکمل 50٪ ادائیگی کرنے والی طالبات 124 ہیں، نصف ادائیگی کرنے والی طالبات 9 ہیں اور 47 بچیاں بغیر کسی معاوضہ کے ٹرانسپورٹ کی سہولت سے فائدہ حاصل کر رہی ہیں۔

# سالانہ اعداد و شمار برائے مدرسہ ابن عباس اسلام آباد

## تعداد طلبہ

| | |
|---|---|
| ایک سالہ عربی کورس | 94 |
| شعبہ بنین ۹ سالہ | 86 |

## کل تعداد اساتذہ و عملہ

20

شعبہ بنین میں قیام و طعام کی مد میں ماہانہ 2000روپے وصول کیے جاتے ہیں جو صاحب استعداد طلبہ ادا کرتے ہیں۔یہ رقم مکمل خرچ کا تقریبا 20٪ ہوتا ہے۔ یہ رقم ادا کرنے والے طلبہ 20٪ ہیں اور باقی تمام طلبہ کا خرچ مدرسہ برداشت کرتا ہے۔

رہائشی طلبہ کی مکمل نگرانی کے لئے ادارے نے 5 اساتذہ کرام کی رہائش کا انتظام مدرسے کی حدود میں کیا ہے۔اساتذہ اپنے گھر والوں کے ساتھ رہائش پذیر ہیں۔ ان رہائش گاہوں کا مکمل خرچہ بشمول تمام یوٹیلٹی بلز ادارہ برداشت کرتا ہے۔

الحمدللہ تمام شعبہ جات میں تعلیم کی کوئی فیس نہیں ہے۔دونوں شعبہ جات کے تمام طلبہ مدرسے میں قیام کرتے ہیں اور کے لئے طعام و قیام کا انتظام پورے سال مدرسہ کی طرف سے ہوتا ہے۔

# سالانہ اعداد وشمار برائے روضہ عائشہ گلستان جوہر کراچی (عربک مونٹیسوری)

| تعداد طلبہ وطالبات | تعداد معلمات |
| --- | --- |
| 126 | 18 |

یہ ایک واحد شعبہ ہے جس میں تعلیم کی ماہانہ فیس (4500) رکھی گئی ہے۔جو مکمل خرچ کا 70٪ ہے۔

- مکمل فیس ادا کرنے والے بچوں کی تعداد 71 ہے
- نصف فیس ادا کرنے والے بچوں کی تعداد 30 ہے
- نصف سے کم فیس ادا کرنے والے بچوں کی تعداد 4 ہے
- 21 بچے اس شعبہ میں مفت تعلیم حاصل کر رہے ہیں

# سالانہ اعداد و شمار روضہ عائشہ نزد یک طارق روڈ کراچی

## (عربک مونٹیسوری)

### 1 شعبہ روضہ

بچوں کی تعداد: 111

معلمات کی تعداد: 20

یہ ایک واحد شعبہ ہے جس میں تعلیم کی ماہانہ فیس (4500) رکھی گئی ہے۔ جو مکمل خرچ کا 70٪ ہے۔

- مکمل فیس ادا کرنے والے بچوں کی تعداد 76 ہے
- نصف فیس ادا کرنے والے بچوں کی تعداد 18 ہے
- نصف سے کم فیس ادا کرنے والے بچوں کی تعداد 14 ہے
- 14 بچے اس شعبہ میں مفت تعلیم حاصل کر رہے ہیں

### 2 شعبہ تحفیظ بنین

بچوں کی تعداد: 35

اساتذہ کی تعداد: 5

### 3 شعبہ تحفیظ بنات

بچیوں کی تعداد: 25

معلمات کی تعداد: 5

شعبہ تحفیظ بنین و شعبہ تحفیظ بنات میں تعلیم کی کوئی فیس نہیں ہے

کل تعداد عملہ

18

# سالانہ اعداد و شمار برائے مدرسہ ابن عباس اورنگی ٹاؤن کراچی

## تعداد طلبہ

| | |
|---|---|
| شعبہ تحفیظ القرآن الکریم | 233 |
| شعبہ بنین ۹ سالہ | 200 |

## کل تعداد اساتذہ

43

## کل تعداد عملہ

27

شعبہ بنین میں قیام و طعام کی مد میں ماہانہ 2000روپے وصول کیے جاتے ہیں جو صاحب استعداد طلبہ ادا کرتے ہیں۔یہ رقم مکمل خرچ کا تقریبا 20٪ ہوتا ہے۔ یہ رقم ادا کرنے والے طلبہ 10٪ ہیں اور باقی تمام طلبہ کا خرچ مدرسہ برداشت کرتا ہے۔

رہائشی طلبہ کی مکمل نگرانی کے لئے ادارے نے 12 اساتذہ کرام کی رہائش کا انتظام مدرسے کی حدود میں کیا ہے۔اساتذہ اپنے گھر والوں کے ساتھ رہائش پذیر ہیں۔ ان رہائش گاہوں کا مکمل خرچہ بشمول تمام یوٹیلٹی بلز ادارہ برداشت کرتا ہے۔

الحمدللہ تمام شعبہ جات میں تعلیم کی کوئی فیس نہیں ہے۔ دونوں شعبہ جات کے تمام طلبہ مدرسے میں قیام کرتے ہیں اور کے لئے طعام و قیام کا انتظام پورے سال مدرسہ کی طرف سے ہوتا ہے۔

# سالانہ اعداد و شمار برائے مدرسہ ابن عباس کاٹھور کراچی

## تعداد طلبہ

| | |
|---|---|
| شعبہ تحفیظ القرآن الکریم | 102 |
| ایک سالہ عربی کورس | 200 |

## کل تعداد اساتذہ

18

## کل تعداد عملہ

9

رہائشی طلبہ کی مکمل نگرانی کے لئے ادارے نے 3 اساتذہ کرام کی رہائش کا انتظام مدرسے کی حدود میں کیا ہے۔ اساتذہ اپنے گھر والوں کے ساتھ رہائش پذیر ہیں۔ ان رہائش گاہوں کا مکمل خرچہ بشمول تمام یوٹیلٹی بلز ادارہ برداشت کرتا ہے۔

الحمد للہ تمام شعبہ جات میں تعلیم کی کوئی فیس نہیں ہے۔ دونوں شعبہ جات کے تمام طلبہ مدرسے میں قیام کرتے ہیں اور کے لئے طعام و قیام کا انتظام پورے سال مدرسہ کی طرف سے ہوتا ہے۔